Urdu/اردو

AEC Australian Electoral Commission

# آپ کے لیے باضابطہ رہنمائی

## فیڈرل الیکشن 2025 کے بارے میں

ہفتہ 3 مئی 2025

**ووٹ دینا لازمی ہے**

18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے تمام
آسٹریلین شہریوں کے لیے




## آپکا ووٹ آسٹریلیا کا مستقبل
## طے کرنے میں مدد دے گا

# قائم مقام الیکٹورل کمیشنر **کی طرف سے پیغام**

اس گائیڈ میں تجاویز دی جا رہی ہیں کہ معلومات کے ماخذ کو کیسے چیک کیا جائے اور آپ کا ووٹ کس صورت میں درست شمار ہو گا، یہ گائیڈ بتاتی ہے کہ پولنگ کے مقام پر کیا ہوتا ہے اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے جواب بھی دیتی ہے۔

الیکشن کے دن ملک بھر میں پولنگ کے مقامات کھلے ہوں گے اور اس کے ساتھ ساتھ کمیونٹیوں کو رائے دہی میں مدد دینے کے لیے ووٹنگ کے دوسرے طریقے بھی مہیا ہوں گے۔

آپ بھروسا رکھ سکتے ہیں کہ ہم **دیانتداری** کے ساتھ الیکشن کا عمل انجام دے رہے ہیں، پرنٹنگ سے لے کر آپ کا بیلیٹ پیپر شمار کرنے تک - اس عمل کے ہر مرحلے میں آپ کے ووٹ کو محفوظ رکھتے ہوئے۔

پرزور تبادلۂ خیال انتخابی مہم کا حصہ ہوتا ہے اور میں آپ کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ آپ کو جو معلومات ملیں، آپ ان سب پر محتاط غور کریں لیکن بالخصوص ایسی تمام معلومات پر جو ہمارے بخوبی قائم انتخابی عمل کے متعلق سوال اٹھاتی

**خود سے پوچھیں کہ کیا یہ معلومات کسی قابل شناخت اور معتبر ماخذ سے ملی ہیں۔** اگر جواب نہ میں ہو تو میرا مشورہ ہے کہ آپ احتیاط برتیں۔

جب آپ پولنگ کے مقام پر جائیں تو براہ مہربانی یاد رکھیں کہ ہمارا عملہ عام آسٹریلین باشندوں پر مشتمل ہے جو ووٹنگ کے عمل میں آپ کی مدد کے لیے موجود ہے۔

اس الیکشن میں اپنی رائے دینے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **aec.gov.au** دیکھیں۔

**Jeff Pope**
قائم مقام الیکٹورل کمیشنر

**97%** سے زیادہ
ووٹ دینے کے اہل باشندے ووٹروں کی فہرست میں

**7,000+**
پولنگ کے مقامات

**500+**
قبل از وقت ووٹنگ کے سنٹرز

**100,000+**
عارضی انتخابی کارکن

## رکیں اور غور کریں
## اس فیڈرل الیکشن میں ماخذ چیک کریں

الیکشن کے زمانے میں بہت سی معلومات پھیلائی جاتی ہیں جن کا مقصد آپ کے ووٹ پر اثر ڈالنا ہوتا ہے۔

مختلف ماخذوں سے معلومات کی دستیابی جمہوری عمل کا نہایت اہم حصہ ہے۔ یہ امیدواروں، سیاسی پارٹیوں اور دوسروں کے لیے ووٹروں کو اپنی پالیسیوں اور نظریات کے بارے میں بتانے کا موقع ہے۔

تاہم کچھ معلومات بالارادہ غلط یا گمراہ کن ہو سکتی ہیں۔ یہ اہم ہے کہ آپ فیڈرل الیکشن کے بارے میں جو کچھ دیکھیں، سنیں اور پڑھیں، آپ اس پر احتیاط سے غور کریں۔

یہ غور کرنے کے لیے وقت لیں کہ:

- یہ معلومات **کہاں** سے آئی ہیں؟ کیا یہ کسی معتبر میڈیا کے ادارے یا کسی آفیشل سوشل میڈیا اکاؤنٹ کی دی ہوئی معلومات ہیں؟
- یہ معلومات **کب** شائع کی گئی تھیں؟ یہ ممکن ہے کہ پرانی معلومات، جو اب درست نہ ہوں، کے نئی معلومات ہونے کا تاثر دے کر پھیلایا جا رہا ہو۔
- اگر آپ ٹھیک سے نہ جانتے ہوں تو **چیک کریں۔** مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی نے ووٹنگ کے عمل کے متعلق جھوٹی معلومات گھڑنا آسان بنا دیا ہے۔

اگر آپ فیڈرل الیکشن کے عمل کے متعلق کوئی ایسی چیز دیکھیں جس کے درست ہونے پر آپ کو شک ہو تو AEC سے پوچھیں۔ یہ بالخصوص ان معلومات کے سلسلے میں اہم ہے جو آپ کو سوشل میڈیا پر اور آن لائن ملیں۔ مزید معلومات اور کارآمد تجاویز کے ساتھ مختصر وڈیوز کے لیے **aec.gov.au/stopandconsider** دیکھیں۔



# الیکشن ہفتہ 3 مئی 2025 کو ہو رہا ہے

## پولنگ کے مقامات صبح 8 بجے کھلتے ہیں اور شام ٹھیک 6 بجے بند ہو جاتے ہیں

فیڈرل الیکشن اس لیے منعقد کیا جاتا ہے کہ ووٹرز ہاؤس آف ریپریزینٹیٹیوز اور سینیٹ میں اپنے خیالات اور مفادات کی نمائندگی کے لیے پارلیمنٹ کے ارکان چن سکیں۔ یہاں ووٹنگ کے متعلق کچھ ضروری معلومات دی جا رہی ہیں۔

### ووٹ دینا کن لوگوں کے لیے لازمی ہے؟

18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے تمام آسٹریلین شہریوں کے لیے بطور ووٹر اندراج کروانا اور فیڈرل الیکشن میں ووٹ دینا لازمی ہے۔

### میں کہاں ووٹ دے سکتا ہوں؟

الیکشن والے روز آپ اپنی سٹیٹ یا ٹیریٹری میں پولنگ کے کسی بھی مقام پر ووٹ دے سکتے ہیں۔ پولنگ کے مقامات صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک کھلے ہوتے ہیں۔

پولنگ کے مقامات بالعموم مقامی سکولوں، چرچوں، کمیونٹی ہالز اور سرکاری عمارتوں میں ہوتے ہیں۔

اپنا قریبی پولنگ کا مقام تلاش کرنے کے لیے **aec.gov.au/where** دیکھیں۔

### اگر مجھے مدد کی ضرورت ہو تو؟

اگر آپ کو چلنے پھرنے میں مجبوری یا معذوری ہے یا آپ کسی معذور شخص کی نگہداشت کرتے ہیں تو آپ **aec.gov.au/where** پر پولنگ کے مقامات پر معذوروں کے پہنچنے کے متعلق تفصیلات دیکھ سکتے ہیں۔

نابینا افراد یا کمزور نظر رکھنے والوں کے لیے ووٹنگ میں مدد کے مواقع موجود ہیں۔ **aec.gov.au/assistance** دیکھیں یا **13 23 26** پر فون کریں۔

### اگر میں کسی اور سٹیٹ یا ٹیریٹری میں ہوں تو؟

اگر الیکشن والے روز آپ کسی اور سٹیٹ میں ہوں گے تو آپ مقررہ انٹرسٹیٹ ووٹنگ سنٹر میں ووٹ دے سکتے ہیں یا قبل از وقت ووٹ دینے کے طریقوں پر غور کریں۔

### اگر میں الیکشن والے روز نہ پہنچ سکتا ہوں تو؟

اگر آپ الیکشن والے روز پولنگ کے مقام پر نہ پہنچ سکتے ہوں تو آپ قبل از وقت خود جا کر یا بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

#### خود جا کر قبل از وقت ووٹ کیسے دیا جائے

اگر آپ اہل ہوں تو آپ الیکشن کے دن سے پہلے ووٹ دے سکتے ہیں۔ قبل از وقت ووٹ دینے کے لیے مخصوص سنٹر **منگل 22 اپریل 2025** سے کھلے ہیں۔ ان سنٹروں کے کھلنے کی تاریخیں اور اوقات مختلف ہیں لہذا **aec.gov.au/where** پر جا کر ہر سنٹر کی تفصیلات دیکھ لیں۔

قبل از وقت ووٹ دینے اور اپنی اہلیت کے متعلق مزید جاننے کے لیے **aec.gov.au/early** دیکھیں یا **13 23 26** پر فون کریں۔

#### بذریعہ ڈاک قبل از وقت ووٹ کیسے دیا جائے

اہل ووٹروں کے لیے بذریعہ ڈاک ووٹ دینا ممکن ہے۔ **aec.gov.au/pva** پر اپنی اہلیت چیک کریں اور آن لائن درخواست دیں۔

یہ ضروری ہے کہ درخواستیں **بدھ 30 اپریل 2025 کو شام 6 بجے تک** AEC کو مل جائیں۔

اگر آپ انٹرنیٹ استعمال نہ کر سکتے ہوں اور بذریعہ ڈاک ووٹ دینا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی **13 23 26** پر ہمیں کال کریں۔

ہو سکتا ہے آپ کو کسی سیاسی پارٹی یا کسی اور تنظیم کی طرف سے بذریعہ ڈاک ووٹ کی درخواست ملے۔ تیسرے فریقوں کو یہ درخواستیں لوگوں کے گھروں میں بھیجنے کی اجازت ہے لیکن آپ کے لیے انہیں استعمال کرنا ضروری نہیں ہے۔ آپ براہ راست AEC کو پوسٹل ووٹ پیک کی درخواست دے سکتے ہیں۔


### میں کس الیکٹوریٹ میں ہوں؟

**aec.gov.au/electorate** پر دیکھیں کہ آپ کس الیکٹوریٹ یعنی انتخابی حلقے میں رہتے ہیں۔

علاقوں کی نئی تقسیم کے سبب شاید پچھلے فیڈرل الیکشن کے بعد سے آپ کے الیکٹوریٹ کا نام اور حدود بدل چکی ہوں۔ اس کے نتیجے میں آپ کو کسی مختلف الیکٹوریٹ میں ووٹ دینا پڑ سکتا ہے یا آپ کا معمول کا پولنگ کا مقام کسی مختلف الیکٹوریٹ میں ہو سکتا ہے۔

### یہ آپکا فیصلہ ہے کہ آپ کسے ووٹ دیں گے

آپ کیسے ووٹ دیں گے، یہ صرف اور صرف آپ کا فیصلہ ہے۔ ممکن ہے پولنگ کے مقام کے باہر امیدواروں کے نمائندے آپکو 'ووٹ دینے کا طریقہ' بتانے والے کارڈ پیش کریں جن میں آپکو ایک خاص طریقے سے ووٹ دینے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ آپ کے لیے اس 'ووٹ دینے کا طریقہ' بتانے والے کارڈ کو قبول کرنا یا ان کی ہدایات پر عمل کرنا لازمی نہیں ہے۔



کیا آپ کا کوئی اور سوال ہے؟
**aec.gov.au/faqs** پر جائیں

# پولنگ کے مقام
## پر کیا ہوتا ہے؟

جب آپ پولنگ کے مقام پر پہنچیں تو ووٹنگ کا اہلکار آپ کا پورا نام اور پتہ پوچھے گا اور یہ پوچھے گا کہ کیا آپ 2025 کے الیکشن میں پہلے ووٹ دے چکے ہیں۔

- آپ کا نام ووٹروں کی فہرست میں کاٹ دیا جائے گا۔
- آپ کو ایک بیلیٹ پیپر ہاؤس آف ریپریزنٹیٹیوز کے لیے اور ایک بیلیٹ پیپر سینیٹ کے لیے ملے گا۔
- اپنے بیلیٹ پیپر پر لکھی ہدایات کے مطابق اسے درست طریقے سے مکمل کریں یا ووٹنگ کے اہلکار سے مدد مانگیں۔
- جب آپ اپنے بیلیٹ پیپرز مکمل کر لیں تو انہیں بیلیٹ باکس میں ڈال دیں۔
- اگر آپ نے AEC کی پنسل استعمال کی ہو تو باہر نکلتے ہوئے اسے ڈبے میں ڈال دیں۔

اچھے حفظان صحت کی ترغیب دی جاتی ہے اور ہینڈ سینیٹائزر فراہم کیا جائے گا۔

**ہمارا عملہ آپ کی مدد کے لیے حاضر ہے۔**
براہ مہربانی احترام سے پیش آئیں۔





# آپ کا ووٹ درست شمار
## ہونے کیلئے کیا ضروری ہے؟

آپ کو دو بیلیٹ پیپر ملیں گے، ایک چھوٹا سبز بیلیٹ پیپر جو ہاؤس آف ریپریزنٹیٹیوز کیلئے ہے اور ایک بڑا سفید بیلیٹ پیپر جو سینیٹ کیلئے ہے۔ **آپ کو دونوں بیلیٹ پیپر مکمل کرنے ہوں گے۔** سبز بیلیٹ پیپر پر آپ ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز میں اپنے مقامی علاقے یا الیکٹوریٹ سے ایک نمائندے کے لیے ووٹ دیتے ہیں۔ سفید بیلیٹ پیپر پر آپ سینیٹ میں اپنی سٹیٹ یا ٹیریٹری کے نمائندوں کے لیے ووٹ دیتے ہیں۔

### ہاؤس آف ریپریزنٹیٹیوز

سبز بیلیٹ پیپر پر آپکو اپنی پسند کی ترتیب سے **ہر خانے میں ایک ہندسہ** لکھنا ہو گا۔ جو امیدوار آپ کا پہلا انتخاب ہو، اس کے نام کے برابر خانے میں نمبر '1' لکھیں، اپنے نمبر دو انتخاب کے برابر خانے میں '2' لکھیں اور اسی طرح سب خانوں میں ایک ہندسہ لکھ دیں۔




بیلیٹ پیپر کا نمونہ

کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ AEC کی ویب سائیٹ پر ووٹ دینے کی مشق کر سکتے ہیں؟ **aec.gov.au/practise** پر جائیں

## سینیٹ


سفید بیلٹ پیپر پر آپ ان دو طریقوں میں سے ایک استعمال کرتے ہوئے ووٹ دے سکتے ہیں:

**یا تو**

### لکیر کے اوپر

اگر آپ لکیر کے اوپر ووٹ دینے کا انتخاب کریں تو آپ کو **کم از کم 6 خانوں میں ہندسے** لکھنے ہوں گے۔

جو پارٹی یا گروپ آپکی پہلی پسند ہے، اس کے خانے میں '1' لکھیں، اور دوسرے نمبر پر اپنی پسند کے خانے میں '2' لکھیں اور اسی طرح کم از کم 6 خانوں میں ہندسے لکھ لیں۔ اسکے بعد بھی آپ لکیر کے اوپر جتنے خانوں میں چاہیں، اپنی مرضی کی ترتیب سے ہندسے لکھنا جاری رکھ سکتے ہیں۔





بیلٹ پیپر کا نمونہ

---

**یا**

### لکیر کے نیچے

اگر آپ لکیر کے نیچے ووٹ دینے کا انتخاب کریں تو آپکو **کم از کم 12 خانوں میں ہندسے**، 1 سے 12 تک، لکھنے ہوں گے جو آپ انفرادی امیدواروں کے لیے اپنی پسند کی ترتیب سے لکھیں گے۔ اسکے بعد بھی آپ لکیر کے نیچے جتنے خانوں میں چاہیں، اپنی مرضی کی ترتیب سے ہندسے لکھ سکتے ہیں۔




بیلٹ پیپر کا نمونہ

**اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو پریشان نہ ہوں۔**

آپ ایک اور بیلٹ پیپر مانگ کر دوبارہ بھر سکتے ہیں۔

# آپ کے لیے باضابطہ رہنمائی فیڈرل الیکشن 2025 کے بارے میں

## ہفتہ 3 مئی 2025

# اس آفیشل گائیڈ کے **دوسرے فارمیٹس**

### معذوروں کے لیے مناسب فارمیٹس میں معلومات

نابینا یا کمزور نظر رکھنے والے ووٹروں کے لیے یہ آفیشل گائیڈ AEC کی ویب سائیٹ **aec.gov.au/assistance** پر بڑے پرنٹ، ای ٹیکسٹ اور آڈیو فائلز کی صورت میں موجود ہے۔

**13 23 26** پر فون کر کے یہ فارمیٹس اور بریل منگوائے جا سکتے ہیں۔

اگر آپ بہرے ہیں یا آپ کو سننے میں مشکل ہے تو آپ نیشنل ریلے سروس (NRS) کے ذریعے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
اپنا ترجیحی کال چینل استعمال کریں اور NRS کو ہمارا نمبر **13 23 26** دیں۔

Auslan ترجمانی کی خدمات بھی دستیاب ہوں گی۔
مزید معلومات کے لیے AEC کی ویب سائیٹ دیکھیں۔




### دوسری زبانوں میں معلومات

**aec.gov.au/translated** سے 34 زبانوں میں اس گائیڈ کے تراجم ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

فون پر ترجمے کی خدمات بھی دستیاب ہیں۔ اردو میں ووٹنگ اور الیکشن کے بارے میں معلومات لینے کے لیے **1300 720 153** پر کال کریں۔

18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے آسٹریلین شہریوں کے لیے ووٹ دینا لازمی ہے۔ اگر آپ ووٹ نہ دیں تو آپکے خلاف قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ ایک بار سے زیادہ ووٹ دینا جرم ہے۔

AEC
Australian Electoral Commission

13 23 26 **aec.gov.au**

24-2017

الیکٹورل کمیشنر، 10 Mort Street, Canberra، کی اجازت سے
Authorised by the Electoral Commissioner, 10 Mort Street, Canberra